| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ کا تعارف بطور بانی پاکستان کرا سکیں۔
- قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ کی زندگی کے اہم واقعات (تاریخِ پیدائش، بانی پاکستان، چند اہم کارنامے، تاریخِ وفات) کو بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیت عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پوچھیں: بانی پاکستان کون ہیں؟
قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کا پورا نام کیا ہے؟ جواب دینے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ انھیں بتائیں اس سبق میں ہم قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کی زندگی کے اہم واقعات کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 22 کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ سے قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کی تاریخ پیدائش، والد اور والدہ کا نام، ابتدائی تعلیم کہاں سے حاصل کی؟ سے متعلق سوالات کریں۔
- طلبہ کو بتائیں ابتدائی تعلیم کے بعد، اعلیٰ تعلیم کے لیے آپ رحمتہ اللہ علیہ انگلستان چلے گئے اور وہاں سے وکالت کی تعلیم حاصل کی۔ ہندوستان واپس آکر آپ رحمتہ اللہ علیہ نے وکالت کا پیشہ اختیار کیا۔ اس وقت ہندوستان پر انگریزوں کی حکومت تھی۔ ہندوستان کے مسلمان اپنے حقوق سے محروم تھے۔
- طلبہ کو بتائیں قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز آل انڈیا کانگریس سے کیا شروع آپ رحمتہ اللہ علیہ میں ہندو مسلم اتحاد کے حامی تھے اور آپ چاہتے تھے کہ ہندو اور مسلمان مل کر انگریزوں

سے آزادی حاصل کریں۔ لیکن جلد ہی آپ کو یہ احساس ہو گیا کہ ہندو مسلمانوں کے حقوق کا تحفظ نہیں کر رہے۔

- طلبہ کو قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کی ابتدائی زندگی سے متعلق کچھ مزید واقعات بتائیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| واقف | وا۔ قف | آگاہ |
| ذہانت | ذِ۔ ہا۔ نت | ذہن کی تیزی |
| قابلیت | قا۔ ب۔ لی۔ یت | اہلیت |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

سوال نمبر ا میں پوچھے گئے پہلے چار سوالات طلبہ سے کاپی پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اساتذہ کرام کی مدد سے قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کی زندگی کا اہم واقعہ اپنی کاپی میں لکھیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: __________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ |
|---|---|---|

**سوال نمبر 1:** پاکستان کے بانی کون ہیں؟

______________________________________________

______________________________________________

**سوال نمبر 2:** درست جملے کے سامنے (×) اور غلط کے سامنے (✓) کا نشان لگائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ا۔ | قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کا پورا نام محمد علی جناح تھا۔ | |
| ۲۔ | آپ نے ابتدائی تعلیم لاہور سے حاصل کی۔ | |
| ۳۔ | اعلیٰ تعلیم کے لیے قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ انگلستان چلے گئے۔ | |
| ۴۔ | قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز مسلم لیگ سے کیا۔ | |
| ۵۔ | کانگریس مسلمانوں کی جماعت تھی۔ | |

| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 6 دوسرا دن | تاریخ: _______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ کا تعارف بطور بانی پاکستان کرا سکیں۔
- قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ کی زندگی کے اہم واقعات (تاریخِ پیدائش، بانی پاکستان، چند اہم کارنامے، تاریخِ وفات) کو بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ نے نہ صرف تاریخ کا دھارا بدلا بلکہ دنیا کا نقشہ ہی بدل کر رکھ دیا۔ انھیں بتائیں قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کا مطلب ہے عظیم رہنما۔ کسی کو یہ خطاب اس کی خدمات کے صلے میں دیا جاتا ہے آپ رحمتہ اللہ علیہ نے ہندوستان کے مسلمانوں کی بھرپور راہنمائی کی، جس کے صلے میں آپ رحمتہ اللہ علیہ کو یہ خطاب ملا۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 23 پر موجود متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں جب ہندو مسلم فسادات شروع ہوئے تو کانگریس کی مسلم آزادی اور اسلام دشمنی آپ پر واضح ہو گئی اور آپ رحمتہ اللہ علیہ نے اس جماعت سے علیحدگی اختیار کر لی۔ کانگریس چھوڑ کر آپ رحمتہ اللہ علیہ مسلم لیگ میں شامل ہو گئے اور مسلمانوں کو مسلم لیگ کے جھنڈے تلے جمع کرنے میں کامیاب ہو گئے۔
- انھیں بتائیں 23 مارچ 1940ء کو لاہور کے منٹو پارک کے بہت بڑے جلسے میں آپ رحمتہ اللہ علیہ نے مسلمانوں کے لیے الگ وطن کا مطالبہ کر دیا۔ انگریزوں اور ہندوؤں نے اس کو ایک شاعرانہ خیال قرار دیا۔ آخر کار انگریزوں اور ہندوؤں کی بھرپور مخالفت کے باوجود اور آپ رحمتہ اللہ علیہ کی راہ نمائی میں

مسلمانوں کے پختہ ارادوں اور قربانیوں کے نتیجے میں 14 اگست 1947ء کو پاکستان معرض وجود میں آگیا۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ پاکستان کے پہلے گورنر جنرل بنے۔

- طلبہ کو آزادی کی تاریخ یاد کرنے میں ان کی مدد کریں اور تین بار دہرائی کروائیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| حامی | حا۔ می | حمایتی۔ مددگار |
| شمولیت | شُ۔ مو۔ لِ۔ یت | شامل ہونا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق کا سوال (۲) اور (۳) کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اساتذہ کرام کی مدد سے قائداعظم رحمتہ اللہ علیہ سے متعلق معلومات چارٹ پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:**____________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: قائداعظم محمد علی جناح** رحمتہ اللہ علیہ |

**سوال نمبر1:** قائداعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ کے بارے میں معلومات لکھیں۔

| | |
|---|---|
| پورا نام | |
| تاریخ پیدائش | |
| پیشہ | |
| سب سے اہم کارنامہ | |
| آپ کا خطاب | |
| تاریخِ وفات | |

| سبقی منصوبہ بندی: 3 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: سوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 6 تیسرا دن | اُستاد کا نام: ____ |

سبق کا نام: قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ کا تعارف بطور بانیِ پاکستان کرا سکیں۔
- قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ علیہ کی زندگی کے اہم واقعات (تاریخِ پیدائش، بانیِ پاکستان، چند اہم کارنامے، تاریخِ وفات) کو بیان کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیت عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ اور طلبہ سے قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کی زندگی کے بارے میں چند جملے زبانی سنیں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کی بصیرانہ صلاحیتوں کی وجہ سے ہی پاکستان دنیا کے نقشے پر ابھرا۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 23 کے آخری پیرا گراف کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو مختصراً بتائیں قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ نے الگ وطن حاصل کرنے کے لیے دن رات محنت کی۔
- انھیں بتائیں قائدِ اعظم مسلمانوں کے لیے الگ وطن اس لیے حاصل کرنا چاہتے تھے تاکہ مسلمان اپنی زندگی اسلام کے مطابق اور آزادی کے ساتھ بسر کریں۔
- آپ رحمتہ اللہ علیہ کی محنت اور مسلسل جدوجہد کی بدولت ہی مسلمانوں کے گلے سے انگریزوں اور ہندوؤں کی غلامی کا طوق اترا۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ نہایت محنتی، ایماندار انسان تھے۔ آپ رحمتہ اللہ علیہ کی زندگی کا اصل مقصد ہی کام، کام اور بس کام تھا۔
- تختہ تحریر پر قائدِ اعظم رحمتہ اللہ علیہ کے تین سنہری اُصول اتحاد، ایمان اور تنظیم لکھیں اور طلبہ کو پڑھوائیں۔

- طلبہ کو بتائیں مسلسل محنت اور لگاتار کام کی وجہ سے آپ رحمتہ اللہ علیہ بیمار ہو گئے اور 11 ستمبر 1948ء کو وفات پا گئے۔
- طلبہ کو قائدِاعظم رحمتہ اللہ علیہ کی تاریخ وفات کی دو سے تین بار پڑھائی کروائیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| سنہری | سُ۔نہ۔رِی | بیش قیمت |
| تنظیم | تن۔ظیم | منظم انتظام کرنا |
| نصب العین | نص۔بُل۔عین | اصلی مقصد |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے سوال نمبر (۴) کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

قائدِاعظم رحمتہ اللہ علیہ کی مختلف مواقع کی تصاویر جمع کر کے البم بنائیں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** __________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: قائدِاعظم محمد علی جناح** رحمتہ اللہ علیہ |

سوال نمبر 1: قائدِاعظم رحمتہ اللہ علیہ کے بتائے تین سنہری اُصول لکھیں۔

______________________________________________

______________________________________________

سوال نمبر 2: آپ بڑے ہو کر پاکستان کے لیے کیا کرنا چاہتے ہیں؟

______________________________________________